بیان

البرٹا کے صحت کی دیکھ بھال کے نظام تک رسائی: مشترکہ بیان

25 جولائی، 2023 میڈیا سے پوچھ گچھ

پریمیئر ڈینیئیل اسمتھ (Premier Danielle Smith) اور وزیرصحت ایڈریئنا لاگرینج (Minister of Health Adriana LaGrange) نے میڈیکل کلینکس کی ممبرشپ فیس وصول کرنے کی رپورٹس پردرج ذیل بیان جاری کیا:

"یہ ہماری توقع ہے کہ البرٹا کے معالج قانون کی، بشمول *کینیڈا ہیلتھ ایکٹ (Canada Health Act)* اور *البرٹا ہیلتھ کیئر انشورنس ایکٹ (اے ایچ سی آئی اے) (Alberta Health Care Insurance Act* (AHCIA))، پر عمل کریں۔ البرٹا کی حکومت کینیڈا ہیلتھ ایکٹ کے اصولوں کو برقرار رکھنے پر پر عزم ہے، اور اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ کلینکس اور معالج اے آئی ایچ سی آئی اے (AHCIA) کی تعمیل کریں۔

"ہم جانتے ہیں کہ البرٹا میں ایسے کلینکس اور معالج موجود ہیں جنہوں نے دہائیوں سے قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے، وہ خدمات فراہم کی ہیں، جوکہ صوبائی ہیلتھ کیئرانشورنس پلان میں شامل نہیں ہیں۔ ان خدمات میں غیر طبی طور پر درکار جراحی عمل، غذائیت اور اکوپنکچرکی خدمات اور زرخیزی (فرٹیلٹی) کے علاج شامل ہو سکتے ہیں۔

البرٹا ہیلتھ کی آڈٹ اینڈ کمپلائنس اشورنس یونٹ (Audit and Compliance Assurance Unit) نے ان واقعات کا جائزہ لیا ہے جہاں نجی کلینکس اس طرح سے، البرٹا میں ممبرشپ فیس کی طلب کے ذریعے اپنی کاروائی چلاتے ہیں۔ تاریخی طور پر تمام تشخیصات نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ یہ کلینکس اس قانون کی تعمیل کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ البرٹا ہیلتھ ، ہیلتھ کینیڈا کو سالانہ رپورٹ بھی ہیش کرتا ہے، اور آج تک کلینکس کے کام چلانے کے عمل میں انہیں کوئی مسئلہ نہیں نظر آیا۔

"حال ہی میں ہمیں ایک کلینک کے اشتہارات کی خدمات، جو کہ صوبائی ہیلتھ کیئر کے تحت اہل ہیں، کے بارے میں پتہ چلا اور ان اشتہارات سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک ممبر کے طور پر فیس کی ادائیگی کے بعد ہی یہ خدمات موصول ہوں گی۔ اگر یہ کلینک ایسی خدمات کے لیےفیس طلب کررہا ہو، جس کے لیے بیمہ دستیاب ہے، اوراگر دوسرے مریضوں کو مزید انتظار کروانے کے عوض کسی فیملی فیزیشئن سے جلد ترملاقات کی سہولت پیش کر رہا ہو تو، حکومت البرٹا کو شدید تشویش ہو گی۔ ہم نے البرٹا ہیلتھ کو اس مخصوص کلینک کی تحقیق کرنے کی ہدایت دی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ تمام قوانین کی تعمیل کی جا رہی ہے۔ اگر متعلقہ قانون کی غیر تکمیلی پائی جائے، تو ہم مناسب اقدامات کریں گے۔

"صحت کی بیمہ شدہ خدمات کے لیے، جیسے فیملی ڈاکٹر سے ملاقات یا ہسپتال کے دورہ کے لیے البرٹنز اپنی جیب سے ادائیگی نہیں کرتے ہیں – اس بات میں تبدیلی نہیں آئے گی"

میڈیا سے پوچھ گچھ

سیم بلیکٹ(Sam Blackett)

587-589-6048
پریس سیکریٹری، آفس آف دا پریمیئر (Press Secretary, Office of the Premier)

اسکوٹ جانسن (Scott Johnston)

780-918-4284
پریس سیکریٹری، ہیلتھ (Press Secretary, Health)